بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداومصلیا

﴿۱﴾...... صورت مسئولہ میں اگر یہ دیوار مسجد شرعی کی حدود سے باہر ہے (اگرچہ مسجد کی بیرونی چاردیواری کے اندر ہو) تو مسجد کمیٹی کی اجازت سے اس پر ولیمہ کا اشتہار لگانا جائز ہے، کیونکہ ولیمہ سنت عمل ہے۔ اسی طرح دیگر دینی کاموں کے اشتہارات بھی مسجد کمیٹی کی اجازت سے لگائے جاسکتے ہیں۔

حاشية ابن عابدين (٤: ٣٥٨)

ونقل في البحر قبله ولا يوضع الجذع على جدار المسجد وإن كان من أوقافه .اهـ

قلت :وبه حكم ما يصنعه بعض جيران المسجد من وضع جذوع على جداره فإنه لا يحل ولو دفع الأجرة .

الفتاوى الهندية(٥: ٣٢٠)

وسئل الخجندي عن قيم المسجد يبيع فناء المسجد ليتجر القوم هل له هذه الإباحة فقال إذا كان فيه مصلحة للمسجد فلا بأس به إن شاء الله تعالى قيل له لو وضع في الفناء سررا فآجرها الناس ليتجروا عليها وأباح لهم فناء ذلك المسجد هل له ذلك فقال لو كان لصلاح المسجد فلا بأس به إذا لم يكن ممرا للعامة وسئل عن فناء المسجد أهو الموضع الذي بين يدي جداره أم هو سدة بابه فحسب فقال فناء المسجد ما يظله ظلة المسجد إذا لم يكن ممرا لعامة المسلمين .

﴿۲﴾...... اگر دوسرے دن معلوم ہوا کہ تراویح کی دو رکعتیں کسی وجہ سے فاسد ہوگئی تھیں تو انفرادا ہر شخص پڑھے، جماعت سے نہ پڑھے جائیں۔ اور جو قراءت ان دو رکعتوں میں کی گئی تھی اس کا اعادہ تراویح میں کیا جائے قضاء پڑھی جانے والی نماز میں تلاوت کا اعادہ کرنا کافی نہیں۔

الفتاوى الهندية(١: ١١٧)

وإذا تذكروا أنه فسد عليهم شفع من الليلة الماضية فأرادوا القضاء بنية التراويح يكره ....

وإذا شكوا في عدد التسليمات اختلف المشايخ في الإعادة وعدمها بجماعة أو فرادى والصحيح أن يعيدوا فرادى هكذا في المحيط

الفتاوى الهندية(١: ١١٨)

إذا فسد الشفع وقد قرأ فيه لا يعتد بما قرأ فيه ويعيد القراءة ليحصل له الختم في الصلاة الجائزة وقال بعضهم يعتد بها كذا في الجوهرة النيرة

البحر الرائق(٢: ٦١)

قوله (ولزم النفل بالشروع ولو عند الغروب والطلوع) بيان لما وجب على العبد من الصلاة بالتزامه وهو نوعان ما وجب بالقول وهو النذر وما وجب بالفعل وهو الشروع في النفل.

..........ثم هذا النفل إذا صار لازما بالشروع لا يخرج عن أصل النفلية ولهذا لو اقتدى متطوعا بإمام مفترض ثم قطعه ثم اقتدى به ولم ينو القضاء فإنه يخرج عن العهدة ولو نوى تطوعا آخر ذكر في الأصل أنه ينوب عما لزمه بالإفساد وهو قول أبي حنيفة وأبي يوسف وذكر في زيادات الزيادات أنه لا ينوب كما في البدائع أيضا .

﴿۳﴾...... اس صورت کا صریح جزئیہ تو نہیں ملا، البتہ قواعد سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر اس مسافر نے بینکاک میں روزہ نہ توڑا اور روزہ مکمل کرلیا تو اس کا روزہ ہو جائیگا، اور اگر بینکاک میں توڑ دے تو اس میں بھی حرج

Scanned by CamScanner